حکومتِ پاکستان

ستمبر

۲۰۲۵

ہفتہ وار موسم کی صورتحال

ہفتہ ۴

۳۰-۲۲ ستمبر

قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

محکمہ موسمیات، پطرس بخاری روڈ، پوسٹ باکس نمبر-۱۲۱۴، سیکٹر ایچ ۸\۲

اسلام آباد، پاکستان

حکومت پاکستان
محکمہ موسمیات
قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

ہفتہ وار موسم کی صورتحال

فون:9250598- 051
فیکس:9250368- 051

یکم اکتوبر، ۲۰۲۵

ستمبر ۲۰۲۵ کے چوتھے ہفتے(22-30 ستمبر) کے دوران، کے پی کے اور کشمیر کے بالائی علاقوں میں بہت ہلکی بارش ہوئی، اور ملک کے باقی حصوں میں کوئی بارش نہیں ہوئی۔ جیسا کہ تصویر 1 میں دکھایا گیا ہے، کشمیر اور بالائی خیبر پختونخواہ کے کچھ حصوں میں ہلکی بارش(25 ملی میٹر تک) ریکارڈ کی گئی۔ تصویر 2 میں موجودہ بارشوں کا 1991 سے 2020 کے اوسط بارشوں سے موازنہ دکھایا گیا ہے تاکہ پتا چل سکے کہ ملک کے مختلف حصوں میں معمول کی بارش کتنی ہوتی ہے۔ دیئے گئے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ گلگت بلتستان، پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں معمول سے کم بارش ہوئی، جبکہ خیبر پختونخواہ کے اضلاع کوہاٹ اور چراٹ میں معمول سے کچھ زیادہ بارش(2 سے 6 ملی میٹر) ریکارڈ ہوئی۔



تصویر-۱: بارش کی مقامی تقسیم



تصویر-۲: بارش کا معمول سے انحراف

تصویر ۳ میں ستمبر کے چوتھے ہفتے(۲۲-۳۰ ستمبر، ۲۰۲۵) کے دوران پاکستان بھر میں اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے، جس میں اوسط درجہ حرارت 16° سینٹی گریڈ سے 36° سینٹی گریڈ رہا۔ سندھ، جنوبی پنجاب اور صوبہ بلوچستان کے شمالی علاقوں میں اوسط سے زیادہ درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا، جبکہ شمالی علاقوں بشمول گلگت بلتستان، کشمیر اور خیبر پختونخوا کے شمالی حصوں میں کم اوسط درجہ حرارت دیکھا گیا۔ **تصویر ۴** میں دکھایا گیا ہے کہ اس ہفتے کا اوسط درجہ حرارت پچھلے 30 سال(1991 سے 2020) کے عام درجہ حرارت کے مقابلے میں کتنا زیادہ یا کم ہے۔

اس ہفتے کے دوران ملک کے زیادہ تر حصوں بشمول پنجاب کے زیادہ تر علاقے، کشمیر، خیبر پختونخوا کے زیریں علاقے، جنوبی سندھ اور جنوبی بلوچستان میں اوسط سے زیادہ درجہ حرارت(+0.5° سینٹی گریڈ سے +2.5° سینٹی گریڈ تک) ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے برعکس، بلوچستان کے وسطی حصے، سندھ کے بالائی علاقے، گلگت بلتستان کے مشرقی حصے، خیبر پختونخوا کے بالائی علاقے اور مغربی پنجاب کے کچھ اضلاع جن میں میانوالی اور سرگودھا شامل ہیں، میں اوسط سے کم درجہ حرارت(–1° سینٹی گریڈ سے –3.5° سینٹی گریڈ تک) ریکارڈ کیا گیا۔



تصویر-۳: اوسط درجہ حرارت کی مقامی تقسیم



تصویر-۴: اوسط درجہ حرارت کا معمول سے انحراف

تصویر ۵ پاکستان بھر میں ستمبر کے چوتھے ہفتے(22 سے 30 ستمبر) کے لیے موسمیاتی معمول کی بارشوں(1991–2020) کی مقامی تقسیم کو واضح کرتی ہے۔ اس دوران بلوچستان اور جنوبی سندھ کے ساحلی علاقوں سمیت ملک کے زیادہ تر بالائی علاقوں میں اوسطاً 1 سے 25 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی، جب کہ وسطی بلوچستان اور سندھ کے بالائی علاقوں میں کوئی بارش نہیں ہوئی۔ تصویر ۶ میں(۱۹۹۱-۲۰۲۰) کے دورانیہ پر مبنی ستمبر کے چوتھے ہفتے کے دوران اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے۔ گلگت بلتستان، کشمیر، اور شمالی خیبر پختونخوا کے شمالی اور مغربی حصوں میں اوسط درجہ حرارت 18 سے 28 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا، جبکہ ملک کے وسطی اور جنوبی حصوں میں اوسط درجہ حرارت نمایاں طور پر زیادہ تھا جو 28 سے 36 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا گیا۔



تصویر-۵: بارش کے معمول کی مقامی تقسیم



تصویر-۶: اوسط درجہ حرارت کے معمول کی مقامی تقسیم

تصویر ے زمینی پانی کے ذخیرہ کے انحرافات کو دکھاتا ہے، جو ناسا کے GRACE-FO سیٹلائٹ مشاہدات سے حاصل کیے گئے ہیں، جس میں ۲۳ ستمبر سے ۲۹ ستمبر ۲۰۲۵ کے دوران مٹی کی نمی کی صورتحال کو ظاہر کرتا ہے، جس کا موازنہ طویل مدتی اوسط (۱۹۴۸ تا ۲۰۱۲) کے ساتھ کیا گیا ہے۔ خشک سالی کے اشاریوں کو تاریخی موسمیاتی اعداد کے تناظر میں percentile کی شکل میں ظاہر کیا گیا ہے جہاں کم فیصد (نارنجی سے سرخ رنگ) معمول سے خشک حالت کو ظاہر کرتے ہیں اور زیادہ فیصد (سبز سے نیلا رنگ) معمول سے زیادہ نمی والی حالت کو ظاہر کرتے ہیں۔ ملک کے مشرقی اور جنوبی حصوں میں معمول سے زیادہ نمی کی سطح دیکھی گئی جن میں وسطی خیبر پختونخوا، مشرقی پنجاب، کشمیر کے جنوبی اور مشرقی حصے، سندھ اور جنوبی بلوچستان شامل ہیں، جو پانی کی مناسب دستیابی کو ظاہر کرتی ہے۔ اس کے برعکس، اوسط سے کم نمی کی صورتحال گلگت بلتستان، کشمیر کے مغربی حصے، بلوچستان کے مغربی اور بالائی حصوں، اور خیبر پختونخوا کے زیادہ تر علاقوں میں پائی گئی، جو آبی دباؤ (hydrological stress) کی نشاندہی کرتی ہے۔



تصویر-۷: زمین کی سطح پر نمی کی مقدار

1 سے 7 اکتوبر کے دوران موسم کی پیشنگوئی

اکتوبر 2025 کے پہلے ہفتے کے دوران یکم اکتوبر سے 3 اکتوبر 2025 تک ملک کے بیشتر جنوبی اور مغربی حصوں میں موسم گرم اور خشک رہے گا۔ 2 اکتوبر کو جنوب مشرقی سندھ میں بھی موسلا دھار بارش کا امکان ہے- تاہم، ملک کے بالائی علاقوں خصوصاً خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر، اسلام آباد، پنجاب، اور شمال مشرقی بلوچستان میں چند مقامات پر بارش/آندھی اور گرج چمک متوقع ہے۔ جبکہ 4 سے 6 اکتوبر کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں مزید آندھی اور گرج چمک ساتھ کے بارش متوقع۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN

September 2025

WEEKLY WEATHER UPDATE

WEEK-4

22nd- 30th September

National Drought Monitoring and Early Warning Centre

PMD, Pitras Bokhari Road, Post Box No. 1214, Sector H-8/2,
Islamabad, Pakistan

URL: https://ndmc.pmd.gov.pk/new/

GOVERNMENT OF PAKISTAN
PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
(National Drought Monitoring Centre)
Islamabad

Tel: 051-9250598
Fax: 051-9250368

Dated: 1st October, 2025

Weekly Weather Update

During the fourth week of September 2025 (22nd–30th September), very light rainfall activity occurred in upper parts of KPK and Kashmir, and the rest of the country received no rainfall. As illustrated in Figure 1, light rainfall (up to 25mm) was recorded in some parts of Kashmir and upper Khyber Pakhtunkhwa. Figure 2 compares the observed rainfall with the long-term climatological average (1991–2020), indicating normal rainfall across different parts of the country. The given figure shows Gilgit Baltistan, Punjab, Sindh, and Balochistan experienced below-normal rainfall, while Kohat and Cherat districts in Khyber Pakhtunkhwa experienced slightly above-normal (2mm to 6mm) rainfall.



Figure 1: Spatial Distribution of Rainfall (mm)



Figure 2: Departure of Rainfall (mm)

Figure 3 shows the spatial distribution of mean temperature across Pakistan during the fourth week of September (22–30 September, 2025), where the mean temperature ranged between 16°C and 36°C. Higher-than-average temperatures were recorded in Sindh, southern Punjab, and northern parts of Balochistan, while lower mean temperatures were observed in the northern regions, including Gilgit-Baltistan, Kashmir, and northern Khyber Pakhtunkhwa. Figure 4 presents the departure of weekly mean temperature from the climatological average (1991–2020). During this week, most parts of the country, including most parts of Punjab, Kashmir, lower parts of Khyber Pakhtunkhwa, and southern Sindh and southern Balochistan, experienced above-normal temperatures ranging from +0.5°C to +2.5°C. In contrast, central Balochistan, upper parts of Sindh, eastern Gilgit-Baltistan,

upper parts of Khyber Pakhtunkhwa and some parts of western Punjab including Mianwali and Sargodha districts recorded below-normal temperatures from –1°C to –3.5°C.



Figure 3: Spatial Distribution of Mean Temperature (°C)



Figure 4: Departure of Mean Temperature (°C)

Figure 5 illustrates the spatial distribution of the climatic normal rainfall (1991–2020) for the fourth week of September (22nd to 30th September) across Pakistan. During this period, mostly upper parts of the country including coastal areas of Balochistan and southern Sindh recorded an average rainfall ranging from 1 to 25 mm, while central Balochistan and upper parts of Sindh recorded no rainfall. Figure 6 shows the spatial distribution of mean temperature during the fourth week of September, based on the period (1991–2020). In Gilgit-Baltistan, Kashmir including northern and western Khyber Pakhtunkhwa, the mean temperature ranged between 18°C and 28°C, while in the central and southern regions of the country, the mean temperature was substantially higher, ranging between 28 °C and 36 °C.



Figure 5: Spatial Distribution of normal rainfall (mm)



Figure 6: Spatial Distribution of mean temperature (°C)

Figure 7 illustrates the anomalies in terrestrial water storage derived from NASA's GRACE-FO satellite observations, depicting soil moisture conditions during 23–29 September 2025, compared with the long-term average (1948–2012). Indicators of drought are presented in percentiles within the context of historical climatic records, where lower percentiles (orange to red shades) represent drier-than-normal conditions and higher percentiles (green to blue shades) indicate wetter-than-normal conditions. Above-average moisture levels were observed in the eastern and southern parts of the country including central KPK, eastern Punjab, southern and eastern parts of Kashmir, Sindh and southern Balochistan signifying adequate water availability. In contrast, below-normal moisture conditions prevailed in Gilgit-Baltistan, western Kashmir, western and upper Balochistan, most parts of Khyber Pakhtunkhwa, suggesting hydrological stress.



Figure 7: Surface Soil Moisture (Percentile)

Forecast for 1st to 7th October, 2025

During the first week of October 2025, hot and dry weather will prevail across most southern and western parts of the country from 1st October to 3rd October, 2025. Heavy falls are also likely in southeastern Sindh on 2nd October. However, few isolated rain-wind/thunderstorm activity is expected in upper parts of the country, particularly Khyber Pakhtunkhwa, Gilgit-Baltistan, Kashmir, Islamabad, Punjab, and northeast Balochistan during the period with activity becoming more widespread from 4th to 6th October.